UNITED NATIONS
HUMAN RIGHTS COUNCIL

انسانی حقوق کے حوالے سے پاکستان کی کارکردگی کا جائزہ

جینوا (25 جنوری 2023) - اقوامِ متحدہ کی انسانی حقوق کونسل کی جانب سے کیے جانے والے یونیورسل پیریاڈک رویو جائزے (یو پی آر) کے لئے تشکیل دئیے گئے ورکنگ گروپ کا انسانی حقوق کے حوالے سے پاکستان کے ریکارڈ کا چوتھی بار جائزہ لینے کے لئے ایک اجلاس 30 جنوری بروز سوموار کو منعقد ہو گا۔ اجلاس کی کارروائی ویب کاسٹ کے ذریعے براہ راست بھی دیکھی جا سکے گی۔

یہ ورکنگ گروپ 23 جنوری سے 3 فروری کے دوران منعقد ہونے والے اپنے سیشن میں پاکستان سمیت مختلف ریاستوں کا جائزہ لے رہا ہے۔ ورکنگ گروپ کی جانب سے پاکستان کا پہلا، دوسرا اور تیسرا جائزہ بالترتیب مئی 2008، اکتوبر 2012 اور نومبر 2017 میں مکمل ہو چکا ہے۔

یہ جائزہ تین طرح کی دستاویزات کی بنیاد پر تیار کیا جاتا ہے۔ پہلی دستاویز ایک قومی رپورٹ ہے جو متعلقہ ریاست کی جانب سے فراہم کی گئی معلومات پر مشتمل ہے۔ دوسری وہ معلومات ہیں جو انسانی حقوق کے آزاد ماہرین اور گروپوں کی جانب سے فراہم کی جاتی ہیں۔ ان سپیشل پروسیجرز میں انسانی حقوق کے معاہدے میں شامل تنظیمیں اور اقوام متحدہ کے دیگر ادارے شامل ہیں۔ تیسری قسم کی معلومات دیگر متعلقہ فریقوں کی جانب سے فراہم کی جاتی ہیں جن میں انسانی حقوق کے قومی ادارے، علاقائی تنظیمیں اور سول سوسائٹی گروپ شامل ہیں۔

30 جنوری کو ہونے والے پاکستان کے اس جائزہ کے سلسلے میں بنیاد کا کام دینے والی تین رپورٹیں یہاں سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

اجلاس کا مقام: کمرہ نمبر 20، پالائس ڈیس نیشنز (Palais des Nations)، جینوا

تاریخ و وقت: صبح 9:00 بجے تا 12:30 بجے، سوموار، 30 جنوری 2023، (جینوا کے وقت پر، جی ایم ٹی + 1 گھنٹہ)

یہ جائزہ اس لحاظ سے منفرد حیثیت رکھتا ہے کہ اس میں اقوامِ متحدہ کی تمام 193 رکن ریاستوں کی انسانی حقوق کی کارکردگی کے ریکارڈ کا تواتر سے جائزہ لیا جاتا ہے۔ اس سلسلے میں پہلا جائزہ اجلاس اپریل 2008 میں منعقد ہوا اور اب تک اقوامِ متحدہ کی تمام 193 رکن ریاستوں کے لئے تین بار یہ جائزہ معقد کیا جا چکا ہے۔ آئندہ، چوتھے جائزے کے دوران توقع ہے کہ تمام ریاستیں گزشتہ جائزوں کے دوران پیش کی گئی تجاویز پر عملدرآمد کے سلسلے میں کئے گئے ان اقدامات اور پیش رفت کو پیش کریں گی جن کا وہ پچھلے تجزیوں کے نتیجے میں اعادہ کر چکی ہیں۔ علاوہ ازیں تمام ریاستیں اپنے اپنے ملک میں انسانی حقوق کے حوالے سے ہونے والی حالیہ پیش رفت پر بھی روشنی ڈالیں گی۔

اس اجلاس میں پاکستان کے وفد کی قیادت وزیر مملکت برائے خارجہ امور، حنا ربانی کھر کریں گی۔

پاکستان کے جائزہ کے سلسلے میں جن تین ملکوں کے نمائندے "ریپورٹیئر" کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں (جنہیں "ٹرائکا" کا نام دیا جاتا ہے) ان میں گیمبیا، نیپال اور ارجنٹائن شامل ہیں۔

اجلاس کی ویب کاسٹ کا لنک یہ ہے:
https://media.un.org/en/search/categories/meetings-events/human-rights-council

پاکستان کے جائزہ کے دوران فراہم کئے جانے والے تمام دستیاب بیانات اور مقررین کی فہرست UPR Extranet پر فراہم کر دی جائے گی۔

یہ ورکنگ گروپ پاکستان کے آئندہ انسانی حقوق کے یو.پی.آر تجزیے کے نتیجے میں دیگر ممالک کی جانب سے دی گئی تجاویز کو یکم فروری کو 3:30 بجے منظور کرے گا۔ کوئی بھی متعلقہ ریاست اگر چاہے تو جائزہ کے دوران پیش کی جانے والی سفارشات پر اپنا موقف بھی بیان کر سکتی ہے۔

___//

مزید معلومات کے لئے رابطہ:
رولینڈو گومیز، ایچ آر سی میڈیا آفیسر (ای میل: *rolando.gomez@un.org*)،
میتھیو براؤن، ایچ آر سی پبلک انفارمیشن آفیسر (ای میل: matthew.brown@un.org)،
پاسکل سم، ایچ آر سی پبلک انفارمیشن آفیسر (ای میل: *simp@un.org*)

یو.پی.آر کے بارے میں مزید معلومات اس ویب سائٹ سے حاصل کی جا سکتی ہیں:
https://www.ohchr.org/en/hr-bodies/upr/upr-main.

سوشل میڈیا پر اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل کی رابطہ معلومات:
Facebook | Twitter | YouTube | Instagram